پریس ریلیز

ایس پی سیف سٹی عرفان الحق سلیہریا کا گوجرانوالہ چیمبر کا دورہ، بزنس کمیونٹی کو سیف سٹی منصوبے پر بریفنگ

سیف سٹی کیمروں کی مدد سے 4 ہزار سے زائد سنگین مقدمات ٹریس، 24 گھنٹے ڈیجیٹل مانیٹرنگ جاری، ٹریفک کی خلاف ورزیوں پر 2 لاکھ 44 ہزار سے زائد ای چالان جاری

گوجرانوالہ: ایس پی سیف سٹی عرفان الحق سلیہریا نے گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (GCCI) کا دورہ کیا اور بزنس کمیونٹی کو سیف سٹی منصوبے کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس کی صدارت صدر چیمبر شیخ غلام حسین جج نے کی، جبکہ اس موقع پر سینئر نائب صدر محمد ارشد مغل، نائب صدر رانا محمد فرحان اصغر، سابق صدر عاصم انیس، دیگر ایگزیکٹو ممبران اور سینئر رہنما بھی موجود تھے۔

ایس پی سیف سٹی عرفان الحق سلیہریا نے شرکاء کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ گوجرانوالہ کے 334 حساس اور تجارتی مقامات پر نصب 1685 جدید سرویلنس کیمروں کی مدد سے شہر بھر کی 24 گھنٹے ڈیجیٹل مانیٹرنگ کی جا رہی ہے، جس کے نتیجے میں پولیس کو 4359 سنگین مقدمات کی تفتیش میں اہم شواہد اور مدد فراہم کی گئی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ان سیکیورٹی کیمروں کی بدولت ڈکیتی، چوری اور دیگر جرائم میں ملوث عناصر کی بروقت نشاندہی ممکن ہو رہی ہے، جبکہ ٹریفک قوانین کے نفاذ اور مانیٹرنگ کے لیے اب تک 2 لاکھ 44 ہزار سے زائد ای چالان بھی جاری کیے جا چکے ہیں۔

انہوں نے مزید بتایا کہ کیمروں کے ذریعے محض امن و امان یا ٹریفک ہی نہیں، بلکہ اسموگ کی روک تھام، گندم کی نقل و حمل اور شہر میں صفائی ستھرائی کے انتظامات کی بھی مؤثر ڈیجیٹل مانیٹرنگ کی جا رہی ہے۔ اس کے علاوہ بغیر نمبر پلیٹ چلنے والی گاڑیوں پر بھی خصوصی نظر رکھی جا رہی ہے۔ انہوں نے یہ بھی آگاہ کیا کہ محکمہ پولیس شہریوں کی فلاح و بہبود کے لیے گوجرانوالہ میں ورچوئل بلڈ بینک بھی کامیابی سے چلا رہا ہے۔

صدر چیمبر شیخ غلام حسین جج نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سیف سٹی منصوبے کی شاندار کارکردگی کو بھرپور انداز میں سراہا اور کہا کہ صنعتی، تجارتی اور معاشی سرگرمیوں کا فروغ ایک پرامن اور محفوظ ماحول سے براہِ راست مشروط ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ تجارتی مراکز کی سیکیورٹی اور کرائم کنٹرول کے لیے پولیس اور سیف سٹی پروجیکٹ کے تمام اقدامات انتہائی قابلِ تحسین اور وقت کی اہم ضرورت ہیں۔

PRESS RELEASE

SP Safe City Irfan-ul-Haq Sulehria Visits Gujranwala Chamber; Briefs Business Community on Safe City Project

Over 4,000 Heinous Cases Traced via Safe City Cameras with 24/7 Digital Monitoring; More than 244,000 E-Challans Issued for Traffic Violations

GUJRANWALA: SP Safe City Irfan-ul-Haq Sulehria paid an official visit to the Gujranwala Chamber of Commerce and Industry (GCCI) to brief the business community on the operational scope and efficacy of the Safe City project. The session was presided over by GCCI President Sheikh Ghulam Hussain Judge, alongside Senior Vice President Muhammad Arshad Mughal, Vice President Rana Muhammad Farhan Asghar, former President Asim Anees, executive committee members, and senior representatives.

Addressing the gathering, SP Safe City Irfan-ul-Haq Sulehria stated that round-the-clock digital surveillance is being conducted across 334 sensitive commercial and strategic locations in Gujranwala utilizing 1,685 state-of-the-art surveillance cameras. This technological integration has successfully aided police investigations by providing actionable evidence in 4,359 heinous criminal cases. He highlighted that these security cameras are instrumental in identifying culprits involved in robberies, thefts, and other crimes, while over 244,000 e-challans have been issued to enforce traffic discipline.

He further elaborated that beyond security and traffic regulation, the digital network is actively monitoring smog control measures, wheat transportation logistics, and urban sanitation arrangements. Vehicles operating without proper number plates are also kept under rigorous surveillance. Additionally, he informed the attendees that the police department is successfully operating a Virtual Blood Bank in Gujranwala to facilitate citizens in need.

In his presidential remarks, GCCI President Sheikh Ghulam Hussain Judge highly commended the performance of the Safe City initiative, emphasizing that uninterrupted industrial and commercial progress is fundamentally contingent upon a peaceful and secure environment. He concluded that the proactive measures undertaken by the police and the Safe City administration for securing commercial hubs and curbing crime are deeply appreciated by the business fraternity.